## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE LEGAL AID AND JUSTICE AUTHORITY (AMENDMENT) BILL, 2024

I, the Chairman of Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend the **Legal Aid and Justice Authority Act, 2020 [the Legal Aid and Justice Authority (Amendment) Bill, 2024**] (Government Bill) referred to the Committee on 15th March, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ch. Mahmood Bashir Virk** | **Chairman** |
| 2. | Rana Muhammad Qasim Noon | Member |
| 3. | Mr. Muhammad Mueen Wattoo | Member |
| 4. | Mr. Muhammad Raza Hayat Harraj | Member |
| 5. | Ms. Wajiha Qamar | Member |
| 6. | Ms. Kiran Haider | Member |
| 7. | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| 8. | Syed Ali Qasim Gillani | Member |
| 9. | Syed Naveed Qamar | Member |
| 10. | Dr. Nafisa Shah | Member |
| 11. | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 12. | Syed Hafeezuddin | Member |
| 13. | Mr. Hassaan Sabir | Member |
| 14. | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| 15. | Sardar Muhammad Latif Khan Khosa | Member |
| 16. | Mr. Ali Muhammad Khan | Member |
| 17. | Mr. Umair Khan Niazi | Member |
| 18. | Mr. Changaze Ahmad Khan | Member |
| 19. | Ms. Aliya Kamran | Member |
| 20. | Minister for Law and Justice | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meetings held on 23rd July and 27th September 2024, and proposed the following amendments therein; -

**amendments in Clause 3**

In clause 3, in proposed sub-section (4); -

i. for the expression, "secretary of the administrative division", the word, "authority", shall be substituted; and

ii. after the words, "Director General", appearing at the end, the expression, "for a period not exceeding ninety days" shall be added.

**4.** The Committee recommended that the Bill as amended placed at Annex-B, may be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary
Islamabad, the 17th October 2024

**Sd/-**
**(Ch. Mahmood Bashir Virk)**
Chairman

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ۔

میں، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف ۱۵ مارچ، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [ قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | چوہدری محمود بشیر ورک | چیئر مین |
| ۲۔ | رانا محمد قاسم نون | رکن |
| ۳۔ | جناب معین وٹو | رکن |
| ۴۔ | جناب محمد رضا حیات ہراج | رکن |
| ۵۔ | محترمہ وجیہہ قمر | رکن |
| ۶۔ | محترمہ کرن حیدر | رکن |
| ۷۔ | محترمہ زہرہ ودود فاطمی | رکن |
| ۸۔ | سید علی قاسم گیلانی | رکن |
| ۹۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۰۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۱۱۔ | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| ۱۲۔ | سید حفیظ الدین | رکن |
| ۱۳۔ | جناب حسان صابر | رکن |
| ۱۴۔ | جناب گوہر علی خان | رکن |
| ۱۵۔ | سردار محمد لطیف خان کھوسہ | رکن |
| ۱۶۔ | جناب علی محمد خان | رکن |
| ۱۷۔ | جناب عمیر خان نیازی | رکن |
| ۱۸۔ | جناب چنگیز احمد خان | رکن |
| ۱۹۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۲۰۔ | قانون وانصاف<br>وزیر برائے سائنس وٹیکنالوجی | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے اپنے اجلاسوں منعقدہ ۲۳ جولائی اور ۲۷ ستمبر ۲۰۲۴ء کو منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں درج ذیل ترامیم تجویز کیں :

## شق ۳

شق ۳ میں، مجوزہ ذیلی دفعہ (۴) میں:-

i- عبارت " انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری" کو لفظ " اتھارٹی" سے تبدیل کر دیا جائے گا، نیز

ii- آخر پر آنے والے الفاظ " ڈائریکٹر جنرل" کے بعد عبارت " مدت کیلئے جو کہ ۹۰ دنوں سے زیادہ نہ ہو" شامل کر دی جائے گی۔

۴- کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ب پر موجود ترمیم کردہ بل کی منظوری دے۔

دستخط/-
(طاہر حسین)
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۱۷ اکتوبر، ۲۰۲۴ء

دستخط/-
(چوہدری محمود بشیر ورک)
چیئرمین

ANNEX-A

[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**BILL**

Further to amend the Legal Aid and Justice Authority Act, 2020

**WHEREAS** it is expedient further to amend in its application to the Legal Aid and Justice Authority Act, 2020 (XVI of 2020), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.—** (1) This Act shall be called the Legal Aid and Justice Authority (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 5, Act XVI of 2020.—** In the Legal Aid and Justice Authority Act, 2020 (XVI of 2020), in section 5, in sub-section (1), in clause (a) for the words "Human Rights", the words "Law and Justice" shall be substituted.

3. **Amendment of section 7, Act XVI of 2020.—** In the said Act, in section 7, for sub-section (4), the following shall be substituted, namely:—

"(4) Where the Director General is absent or unable to perform his functions due to any reason or the post of Director General is vacant pending appointment of a regular incumbent, the secretary of the administrative division may authorize any officer to perform temporarily the functions of the Director General".

## Statement of Objects and Reasons

The Law and Justice Division has administrative control of the Law and Justice Commission Ordinance, 1979, courts and tribunals in respect of Federal areas and the offices of the Attorney General and other law officers of the Federation. The mandate of Legal Aid and Justice Authority (LAJA) is also consonance with the business allocated to the Law and Justice Division under the Rules of Business, 1973. It would be more appropriate and in the best public interest to shift administrative control of the Legal Aid and Justice Authority (LAJA) from Ministry of Human Rights to the Ministry of Law and Justice. The institutional linkages of the Ministry of Law and Justice with other Law Officers and Commissions of the Federation that are under the administrative control of Law and Justice Division and with Bar Councils and Associations will enable LAJA to fulfil its mandate more effectively.

2. The Bill is designed to achieve the said object.

**Minister-in-charge**

**ANNEX-B**

**AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE**

**A**

**BILL**

Further to ament the Legal Aid and Justice Authority Act,2020

**WHEREAS** it is expedient further to amend in its application to the Legal Aid and Justice Authority Act,2020(XVI of 2020), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement. – (1)** This Act shall be called the Legal Aid and Justice Authority (Amendment) Act,2024.

   (2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 5, Act XVI of 2020. –** In the Legal Aid and Justice Authority (Amendment) Act,2024(XVI OF 2020), in section 5, in sub-section (1), in clause(a) for the words "Human Rights", the words "Law and Justice" shall be substituted.

3. **Amendment of section 7, Act XVI of 2020. –** In the said Act, in section 7, for sub-section (4), the following shall be substituted, namely: -

   **"(4).** Where the Director General is absent or unable to perform his functions due to any reason or the post of Director General is vacant pending appointment of a regular incumbent, the authority may authorize any officer to perform temporarily the functions of Director General, for a period not exceeding ninety days.

## Statement of Objects and Reasons

The Law and Justice Division has administrative control of the Law and Justice Commission Ordinance, 1979, courts and tribunals in respect of Federal areas and the offices of the Attorney General and other law officers of the Federatio. The mandate of Legal Aid and Justice Authority (LAJA) is also consonance with the business allocated to the Law and Justice Division under the Rules of Business, 1973. It would be more appropriate and in the best public interest to shift administrative control of the Legal Aid and Justice Authority (LAJA) from Ministry of Human Right to the Ministry of Law and Justice, the institutional linkages of the Ministry of Law and Justice with other Law Officers and Commissions of the Federation that are under the administrative control of Law and Justice Division and with Bar Councils and Associations will enable LAJA to fulfil its mandate more effectively.

The Bill is designed to achieve the said object.

Sd/-
MINISTER-IN-CHARGE

ضمیمہ "الف"

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۰ء (۱۶ بابت ۲۰۲۰ء) میں اس کے اطلاق کی بابت مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

**۱۔ مختصر عنوان وآغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

**۲۔ ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۲۰ء کی، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔** قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۰ء (۱۶ بابت ۲۰۲۰ء) کی، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۱) کی شق (الف) میں، الفاظ "انسانی حقوق" کو، الفاظ "قانون وانصاف" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۳۔ ایکٹ ۱۶ بابت ۲۰۲۰ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۷ میں، ذیلی دفعہ (۴) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۴) جہاں ڈائریکٹر جنرل غیر حاضر ہو یا کسی بھی وجہ کی بناء پر اپنے کارہائے منصبی انجام دینے سے قاصر ہو یا ڈائریکٹر جنرل کا عہدہ کسی باقاعدہ عہدے دار کی زیر تجویز تقرری کی بناء پر خالی ہو تو، انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری کسی بھی افسر کو عارضی طور پر ڈائریکٹر جنرل کے کارہائے منصبی انجام دینے کے لیے مجاز کر سکے گا"۔

# بیان اغراض ووجوہ

قانون وانصاف ڈویژن قانون انصاف کمیشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء، وفاقی علاقوں کی نسبت سے عدالتوں اور ٹربیونلز اور اٹارنی جنرل کے دفاتر اور فیڈریشن کے دیگر قانونی افسران کا انتظامی کنٹرول رکھتا ہے۔ قانونی معاونت اور انصاف اتھارٹی (LAJA) کا مینڈیٹ بھی قواعد ہائے کار، ۱۹۷۳ء کے تحت قانونی وانصاف ڈویژن کو متعین کردہ کام سے ہم آہنگ ہے۔ یہ نہایت مناسب اور بہترین عوامی مفاد میں ہوگا کہ قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی (LAJA) کا انتظامی کنٹرول وزارت انسانی حقوق سے وزارت قانون وانصاف کو منتقل کیا جائے۔ وزارت قانون وانصاف کے ادارہ جاتی روابط فیڈریشن کے دیگر قانونی افسران اور کمیشنوں کے ساتھ ہیں جو کہ قانون وانصاف ڈویژن کے انتظامی کنٹرول کے تحت آتے ہیں اور بار کونسلز اور ایسوسی ایشنز کے ساتھ LAJA کو اپنے مینڈیٹ کو مزید موثر طریقے سے پورا کرنے کے قابل بنائیں گے۔

۲۔ بل مذکورہ مقصد کے حصول کے لیے بنایا گیا ہے۔

**وزیرانچارج**

منسلکہ۔"ب"

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے مجوزہ طریقہ کار کے مطابق قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۰ء(نمبر ۱۶ بابت ۲۰۲۰ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان وآغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۱۶ بابت ۲۰۲۰ء کی دفعہ ۵ میں ترمیم:۔** قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء(نمبر ۱۶ بابت ۲۰۲۰ء) میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، شق (الف) میں الفاظ "انسانی حقوق" کو الفاظ "قانون وانصاف" سے تبدیل کردیا جائے گا، یعنی:۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۱۶ بابت ۲۰۲۰ء کی دفعہ ۷ میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں، ذیلی دفعہ (۴) کو حسب ذیل سے تبدیل کردیا جائے گا، یعنی:

"(۴)۔ جب ڈائریکٹر جنرل غیر حاضر ہو یا کسی وجہ سے اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کے قابل نہ ہو یا باقاعدہ عہدے دار کی زیر التواء تقرری کے باعث حاکم اتھارٹی ڈائریکٹر جنرل کی خالی اسامی پر کسی افسر کو مدت، جو ۹۰ یوم سے زائد نہ ہو، کے لیے عارضی طور پر ڈائریکٹر جنرل کے فرائض منصبی کی ادائیگی کے لیے تقرری کر سکتی ہے۔

## بیان اغراض ووجوہ

قانون وانصاف ڈویژن کو قانون وانصاف کمیشن، آرڈیننس، ۱۹۷۹ء کی مطابقت میں وفاقی علاقوں کے دائرہ کار کے تحت عدالتوں اور ٹریبونلز، نیز اٹارنی جنرل سے متعلقہ دفاتر اور وفاق کے دیگر لاء افسران کے انضباط کا انتظامی کنٹرول حاصل ہے۔ قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی (ایل اے جے اے) کارروائی کے قواعد، ۱۹۷۳ء کی رو سے قانون وانصاف ڈویژن کو تفویض کردہ امور کی تعمیل کرتے ہیں۔ یہ زیادہ مناسب اور مفاد عامہ میں بہتر ہوگا کہ قانونی معاونت وانصاف اتھارٹی (ایل اے جے اے) کے کار منصبی کا انتظامی کنٹرول وزارت انسانی حقوق سے وزارت قانون وانصاف کو منتقل کیا جائے۔ وزارت قانون وانصاف کے دیگر قانونی افسران اور وفاقی کمیشنز، جو کہ قانون وانصاف ڈویژن اور بار کونسلز اور ایسوسی ایشن کے زیر انتظام ہیں، کے ساتھ ادارہ جاتی روابط ایل اے جے اے کو اس قابل بنائیں گے کہ وہ اپنی ذمہ داری زیادہ مؤثر انداز سے پوری کر سکے۔

۳ بل ہذا کا مقصد مذکورہ مقاصد کا حصول ہے۔

دستخط۔

وزیر انچارج